احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

جمعرات 3 اپریل 2003ء

روزنامہ ٹیلیفون نمبر 213029 C.P.L 29

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 3 اپریل 2003ء 1424 ہجری - 3 شہادت 1382 ہش جلد 53-88 نمبر 72

## میں تو ایک مسافر ہوں

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ چٹائی پر سو رہے تھے- جب اٹھے تو چٹائی کے نشان پہلو مبارک پر نظر آئے- ہم نے عرض کیا- اے اللہ کے رسول! ہم آپؐ کے لئے نرم سا گدیلا بنا دیں تو کیا اچھا نہ ہو؟ آپؐ نے فرمایا- مجھے دنیا اور اس کے آراموں سے کیا تعلق؟ میں اس دنیا میں اس مسافر کی طرح ہوں جو ایک درخت کے نیچے ستانے کے لئے اترا اور پھر شام کے وقت اس کو چھوڑ کر آگے چل کھڑا ہوا-

(ترمذی کتاب الزھد باب فی اخذالمال بحقہ حدیث نمبر 2299)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خوب یاد رکھو کہ دنیا کچھ چیز نہیں ہے- لعنتی ہے وہ زندگی جو محض دنیا کے لئے ہے اور بدقسمت ہے وہ جس کا تمام ہم وغم دنیا کے لئے ہے ایسا انسان اگر میری جماعت میں ہے تو وہ عبث طور پر میری جماعت میں اپنے تئیں داخل کرتا ہے- کیونکہ وہ اس خشک ٹہنی کی طرح ہے جو پھل نہیں لائے گی-

اے سعادتمند لوگو تم زور کے ساتھ اس تعلیم میں داخل ہو جو تمہاری نجات کے لئے مجھے دی گئی ہے- تم خدا کو واحد لاشریک سمجھو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرو- نہ آسمان میں سے نہ زمین میں سے خدا اسباب کے استعمال سے تمہیں منع نہیں کرتا- لیکن جو شخص خدا کو چھوڑ کر اسباب پر ہی بھروسہ کرتا ہے- وہ مشرک ہے- قدیم سے خدا کہتا چلا آیا ہے کہ پاک دل بننے کے سوا نجات نہیں- سو تم پاک دل بن جاؤ اور نفسانی کینوں اور غصوں سے الگ ہو جاؤ- انسان کے نفس امارہ میں کئی قسم کی پلیدیاں ہوتی ہیں مگر سب سے زیادہ تکبر کی پلیدی ہے- اگر تکبر نہ ہوتا تو کوئی شخص کافر نہ رہتا- سو تم دل کے مسکین بن جاؤ- عام طور پر بنی نوع کی ہمدردی کرو جبکہ تم انہیں بہشت دلانے کے لئے وعظ کرتے ہو- سو یہ وعظ تمہارا کب صحیح ہو سکتا ہے اگر تم اس چند روزہ دنیا میں ان کی بدخواہی کرو خدا تعالیٰ کے فرائض کو دلی خوف سے بجا لاؤ- کہ تم ان سے پوچھے جاؤ گے- نمازوں میں بہت دعا کرو کہ تا خدا تمہیں اپنی طرف کھینچے اور تمہارے دلوں کو صاف کرے- کیونکہ انسان کمزور ہے ہر ایک بدی جو دور ہوتی ہے وہ خدا تعالیٰ کی قوت سے دور ہوتی ہے اور جب تک انسان خدا سے قوت نہ پاوے کسی بدی کے دور کرنے پر قادر نہیں ہو سکتا (دین) صرف یہ نہیں ہے کہ رسم کے طور پر اپنے تئیں کلمہ گو کہلاؤ بلکہ (دین) کی حقیقت یہ ہے کہ تمہاری روحیں خدا تعالیٰ کے آستانہ پر گر جائیں- اور خدا اور اس کے احکام ہر ایک پہلو کی رو سے تمہاری دنیا پر تمہیں مقدم ہو جائیں-

(تذکرۃ الشہادتین- روحانی خزائن جلد 20 ص 63)

## درخواست دعا

محترم صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تحریر فرماتے ہیں کہ مکرم ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب کے دل کا بائی پاس آپریشن اللہ تعالیٰ کے فضل سے کامیابی سے ہو گیا ہے- مکرم ڈاکٹر صاحب نے احباب جماعت سے درخواست دعا کی ہے اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پیچیدگیوں سے بھی بچائے اور صحت والی زندگی سے نوازے- آمین

## ماہر امراض نفسیات کی آمد

مکرم ڈاکٹر اعجاز الرحمان صاحب ماہر امراض نفسیات مورخہ 6 اپریل 2003ء بروز اتوار فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے ضرورت مند احباب پرچی روم سے رابطہ کر کے پرچی بنوالیں-

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال- ربوہ)

## آپ کی صحت کا صدقہ

نادار اور مستحق مریضوں کے علاج معالجہ کے ذریعہ سے آپ جہاں دکھی انسانیت کی خدمت کر کے ثواب حاصل کر سکتے ہیں وہاں آپ اس کار خیر کی بدولت اپنی صحت کی پیشگی حفاظت اور اس کیلئے صدقہ کا موقع بھی پیدا کر رہے ہونگے-

فضل عمر ہسپتال سے ہر سال ہزاروں مستحق اور نادار مریضان مفت علاج کی سہولت حاصل کرتے ہیں- مہنگائی اور ادویات کی قیمتوں میں اضافے سے یہ سلسلہ سب کیلئے جاری رکھنا ممکن نہیں رہا- آپ کے عطیات سے نادار مریض مفت علاج کی [illegible] حاصل کر کے آپ کیلئے دعا گو ہونگے- دل کھول کر اس مد میں عطیات ارسال فرمائیں اللہ تعالیٰ آپ کے اموال میں برکت ڈالے- آمین

(ناظر امور عامہ)

## ہومیو پیتھک علمی نشست

4- اپریل 2003ء نماز جمعہ کے معاً بعد احمدیہ ہومیو پیتھک میڈیکل ریسرچ ایسوسی ایشن پاکستان کے زیر اہتمام ایک علمی نشست بعنوان "گردوں کا فیل ہونا بوجہ ہائی بی پی 'شوگر" نصرت جہاں انٹر کالج ہال

باقی صفحہ 7 پر

# تاریخ احمدیت منزل بہ منزل

## دین اور انسانیت کی خدمت کا سفر

مرتبہ ابن رشید

## 1979ء (3)

6 جولائی پولانارداسری لنکا میں بیت الذکر کا افتتاح ہوا۔

6 جولائی میعادی نانوسیالکوٹ میں بیت الذکر کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔

10 جولائی تا 24 جولائی 14 ویں فضل عمر درس القرآن کلاس۔ حضور نے اختتامی خطاب فرمایا۔

15,14 جولائی مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کا دوسرا سالانہ اجتماع بمقام بیت نور فرینکفرٹ

15 جولائی ناصرات الاحمدیہ برطانیہ کا سالانہ اجتماع

22 جولائی سری لنکا کا دوسرا جلسہ سالانہ

22 جولائی ماریشس کے احمدیوں نے یوم دعوت الی اللہ منایا۔

13 اگست منشی علم دین صاحب کو کوٹلی میں شہید کر دیا گیا۔

14 اگست بیت نور راجن پور کی تعمیر مکمل ہوگئی۔

29 اگست ورلڈ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کے اجلاس سے حضور کا خطاب۔

31 اگست و یکم ستمبر غانا میں خدام الاحمدیہ کا چوتھا سالانہ اجتماع

3 ستمبر جاپان میں دوسرا احمدیہ مشن یوکوہاما میں مغفور احمد صاحب منیب نے قائم کیا۔

9,8 ستمبر بینن میں دوسرا جلسہ سالانہ۔

10,9 ستمبر سرینگر بھارت میں سالانہ صوبائی کانفرنس۔

22 ستمبر جماعت اسلامی کے بانی مودودی صاحب کا نیویارک میں انتقال۔

23 ستمبر وزیر اعلیٰ پنجاب بھارت سردار پرکاش سنگھ بادل سے جماعتی وفد کی ملاقات

28 تا 30 ستمبر تنزانیہ کا 11 واں جلسہ سالانہ۔ ایک ہزار افراد کی شرکت۔ پانچ افراد نے بیعت کی۔

30,29 ستمبر انصار اللہ نائیجیریا کا چھٹا سالانہ اجتماع۔ 500 نمائندگان کی شرکت۔

10 تا 15 اکتوبر فرینکفرٹ جرمنی میں کتب کی عالمی نمائش میں احمدیہ بکسٹال لگایا گیا۔

13 اکتوبر غانا میں احمدیہ گرلز ووکیشنل ٹریننگ سنٹر کا افتتاح ہوا۔

14 اکتوبر ڈین پاسر انڈونیشیا میں بیت الذکر اور مشن ہاؤس کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔

15 اکتوبر پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کو فزکس میں نوبیل پرائز دینے کا اعلان کیا گیا۔ حضور نے مبارکباد کا پیغام بھیجا۔

19 اکتوبر ایگنلے نائیجیریا میں احمدیہ سیکنڈری سکول کا افتتاح ہوا۔

19 تا 21 اکتوبر خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا 35 واں سالانہ اجتماع حکومت نے آخری دن لاؤڈ سپیکر کی اجازت منسوخ کردی تھی اس لئے دو پیغام رسانوں کے ذریعہ حضور نے خطاب فرمایا۔

20 اکتوبر بینن نائیجیریا میں احمدیہ بیت الذکر کا افتتاح ہوا۔ مشن ہاؤس کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔

25,24 اکتوبر شاہجہانپور بھارت میں سالانہ صوبائی کانفرنس۔

قیام نماز کا آخری کارخانہ خاندان ہے اسے حرکت دینے کے لئے جماعتی تنظیمیں قائم ہیں

# ذیلی تنظیمیں ہر ماہ مجلس عاملہ کا ایک اجلاس قیام نماز پر غور کرنے کے لئے منعقد کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

قرآن کریم نے بیان فرمایا ہے کہ نماز کے قیام کا آخری کارخانہ خاندان ہی ہوگا اس کارخانے تک پہنچنے کے لئے اسے بیدار کرنے کے لئے اسے حرکت دینے کے لئے جماعت کی مختلف تنظیمیں قائم ہیں۔ پس لجنہ عورتوں کو تو متوجہ کرے اور آخری نظر اس بات پر رکھے کہ اہل خانہ کے اندر نماز قائم کرنے کی ذمہ داری خود اہل خانہ کی ہے۔ لجنہ عورتوں سے کہے کہ آپ ہم سے سیکھیں اور پھر اپنے بچوں کو سکھائیں' اپنے خاوندوں کو اپنے بیٹوں کو اپنی بیٹیوں کو بار بار پانچ وقت نماز کی طرف متوجہ کرتی رہیں۔ جو مرد یا بچے نماز کے وقت گھر میں بیٹھے ہوئے ہیں عورتیں ان کو اٹھائیں کہ تم نماز پڑھنے جاؤ نماز پڑھ کر واپس آؤ پھر آرام سے بیٹھ کر کھانا کھائیں گے اسی طرح بچوں کو بھی نماز کے لئے تیار کریں اور گھر کی بیٹیوں پر نظر رکھیں کہ وہ نماز ادا کر رہی ہیں۔ والدین میں سے باپ کی اول ذمہ داری ہے مگر بیٹیوں کے معاملہ میں باپ کے اوپر کچھ مشکلات بھی ہوتی ہیں اس کو یہ پتہ نہیں لگتا کہ اس نے کب نماز پڑھنی ہے کب نہیں پڑھنی اس لئے وہاں جب تک ماں مدد نہ کرے اس وقت تک باپ پوری طرح اپنے فرائض کو ادا نہیں کر سکتا۔ اور بھی بہت سے مسائل ہیں نماز سے تعلق رکھنے والے جو ماں سکھا سکتی ہے۔

اسی طرح خدام نوجوانوں کو صرف یہ تلقین نہ کریں کہ تم نماز میں آؤ بلکہ یہ تلقین کریں کہ تم خود بھی آؤ اور اپنے بھائیوں کو بھی نماز پر قائم کرو اور اپنے والدین کو بھی نماز پر قائم کرنے کی کوشش کرو۔ انصار کو یہ توجہ دلانی چاہئے اپنے ممبران کو کہ تم اس عمر میں داخل ہو گئے ہو جس میں جواب دہی کے قریب تر جا رہے ہو۔ ویسے تو ہر شخص ایک لحاظ سے ہر وقت ہی جواب دہی کے قریب رہتا ہے لیکن انصار بحیثیت جماعت کے اپنی جواب دہی میں قریب تر ہیں۔ اور جو وقت پہلے گزر چکا ہے اس میں اگر کچھ خلا رہ گئے ہیں وہ ان کو بھی پورا کرنا شروع کریں' اس طرح ان کا کام اور ذمہ داری دہری ہو جاتی ہے۔ ان کو چاہئے کہ وہ موجودہ وقت کی ذمہ داریاں بھی پوری کریں اور گذشتہ گذرے ہوئے وقت کے خلاء بھی پورے کریں انصار اپنے ساتھیوں کو بتا بتا کر اس طرح بیدار کریں کہ ان کو اپنی فکر پیدا ہو۔

تنظیمیں نسبتاً زیادہ بیدار رہ سکتی ہیں اگر وہ ایک معین پروگرام بنالیں ہر ہفتے یا ہر مہینے میں ایک دفعہ خاص نماز کے موضوع پر غور کرنے کیلئے اکٹھے مل کر بیٹھا کریں گے' ہمیشہ کے لئے مجلس عاملہ کا ایک اجلاس مقرر ہو جائے جس کا موضوع سوائے نماز کے کچھ نہ ہو۔ اس دن لجنہ بھی نماز پر غور کر رہی ہو۔ خدام بھی نماز پر غور کر رہے ہوں' انصار بھی نماز پر غور کر رہے ہوں۔ سب اپنی اپنی جگہ ہمیشہ کے لئے یہ فیصلہ کرلیں کہ اب ہم نے ہر مہینہ میں کم از کم ایک مرتبہ ضرور اس موضوع پر بیٹھ کر غور کرنا ہے۔ جہاں حالات ایسے ہیں کہ ہر مہینے اکٹھے نہ ہو سکتے ہوں۔ وہاں دو مہینے میں ایک اجلاس مقرر کرلیں' تین مہینے میں مقرر کرلیں مگر جب مقرر کرلیں پھر اس پر قائم رہیں' اس پر صبر دکھائیں ہر دفعہ جائزہ لیا کریں کہ ہمیں اس عرصہ میں کتنا فائدہ پہنچا ہے' اس عرصے میں کتنے نئے نمازی بنے' کتنوں کی نمازوں کی حالت ہم نے درست کی' کتنوں کو نماز میں لطف حاصل کرنے کے ذرائع بتائے اور ان کی مدد کی۔ اور بہت سے پہلو ہیں وہ ان سب پہلوؤں پر غور کیا کریں اور ہر دفعہ اپنا محاسبہ کریں کہ ہم کچھ مزید حاصل کر سکے ہیں یا نہیں۔ اگر اس جہت سے اس طریق پر وہ کام شروع کریں گے تو امید ہے کہ ہم بہت تیزی کے ساتھ اپنے اس مقصد کی طرف بڑھ رہے ہوں گے جس کی خاطر ہمیں پیدا کیا گیا ہے' انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور جب ہم مقصد کی طرف بڑھ جائیں اور جب ہم مقصد کو حاصل کر رہے ہوں تو پھر فتح ایک ثانوی چیز بن جاتی ہے۔ عددی اکثریت کے نصرت اور ظفر کے جو خواب آپ اب دیکھ رہے ہیں اس سے بڑھ کر یہ خواب آپ کے حق میں آپ کی ذاتوں میں پورے ہو چکے ہوں گے۔ پھر یہ خدا کا کام ہوگا کہ آپ کی حفاظت فرمائے۔ پھر یہ خدا کا کام ہوگا کہ اس دن کو قریب تر لائے جو ظاہری فتح کا دن بھی ہوا کرتا ہے۔

(خطبہ جمعہ 8 نومبر 1985ء) (الفضل 24 اگست 98ء)

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد) مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے۔

مرتبہ: فخر الحق شمس صاحب

# کلید مجلس عرفان

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے سوال و جواب کی یہ فہرست حضور انور کی مجالس عرفان اور جرمن خواتین سے ملاقات سے مرتب کی گئی ہے۔ جو 2002ء کے دوران روزنامہ الفضل میں شائع ہوتی رہی ہیں۔

## اللہ تعالیٰ ۔ توحید ۔ شرک

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | آقا کے معنی؟ خدا کے سوا کسی کو آقا کہنا صحیح ہے؟ | 24 | اکتوبر |
| ☆ | خدا تعالیٰ کی رضا کس طرح تلاش کی جاتی ہے؟ | 13 | ستمبر |
| ☆ | کیا ہم اللہ تعالیٰ کو دیکھ سکتے ہیں؟ | 30 | جولائی |
| ☆ | حضرت مسیح موعود نے غیر اللہ کی قسموں سے منع کیا لیکن آپ کا شعر ہے<br>تیرے منہ کی ہی قسم میرے پیارے احمد<br>یہ تضاد کیوں ہے؟ | 18 | اکتوبر |
| ☆ | عیسائی یورپ کو صدیوں تک شرک کرنے کی کیا سزا ملی ہے؟ | 13 | دسمبر |
| ☆ | خدا اور دنیا کے فرائض اکٹھے کس طرح ادا کئے جاسکتے ہیں۔ | 10 | جون |
| ☆ | حادثے میں جان بچ جانے پر شکر اور صبر کی فلاسفی | 24 | اکتوبر |
| ☆ | صبر اور بدلہ لینے کی صورتیں | 20 | اپریل |
| ☆ | کیا کسی شخص کو نیک کہا جاسکتا ہے؟ | 4 | جولائی |

## آنحضرتؐ ۔ قرآن کریم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | ہم رسول کریمؐ کی مکمل پیروی کس طرح کرسکتے ہیں۔ | 10 | جون |
| ☆ | کیا روشنیوں یا قرآنی آیات کا مراقبہ جائز ہے؟ | 5 | اکتوبر |
| ☆ | کیا قرآن کریم میں تیسری جنگ عظیم کا ذکر ہے | 10 | جون |
| ☆ | کیا عورتوں کو تفسیر قرآن کرنے کی اجازت ہے؟ | 10 | جون |

## انبیاء ۔ مذہب

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | قرآنی اصول ہے کہ نبی کے بغیر عذاب نہیں دیتے۔ یحییٰؑ کے وقت عذاب نہیں آیا؟ | 4 | جولائی |
| ☆ | عیسائی یہودیوں سے کیسا چھے ہیں۔ جبکہ دونوں طرف سے مسلمانوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ | 30 | جولائی |
| ☆ | کیا مذہب کے بارے میں سوال کرنا جائز ہے؟ | 4 | جولائی |

## آدم ۔ ارتقاء

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | کیا ہر دور کا آدم دوسرے ادوار سے روحانیت اور دنیاوی ترقی میں مختلف ہوتا ہے؟ | 5 | اکتوبر |
| ☆ | کیا انسانیت حضرت آدم اور اماں حوا سے شروع ہوئی؟ | 30 | جولائی |
| ☆ | انسانی ارتقاء اور نظریہ ارتقاء کیا ہے؟ | 18 | اکتوبر |

## حضرت مسیح موعود

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | حضرت مسیح موعود پنجابی تھے انہوں نے اردو میں کیوں کتابیں لکھیں؟ | 4 | دسمبر |
| ☆ | حضرت مسیح موعود کے اس شعر کی وضاحت<br>صدق سے میری طرف آؤ اسی میں خیر ہے<br>ہیں درندے ہر طرف میں عافیت کا ہوں حصار | 19 | جولائی |

## جماعت احمدیہ ۔ خلافت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | کیا عملاً بیعت کرنا ضروری ہے یا انسان صرف دل میں ایمان لے آئے؟ | 24 | اکتوبر |
| ☆ | خلافت کتنا عرصہ جاری رہے گی؟ | 8 | فروری |
| ☆ | فتح کے بعد احمدیت کا مستقبل کیا ہوگا؟ | 8 | فروری |
| ☆ | کیا احمدیہ ٹیلیویژن کے پروگرام بیت الذکر میں دیکھنے جائز ہیں؟ | 13 | ستمبر |
| ☆ | ایم ٹی اے کے پروگرام میں پردہ کے معیار کی نصیحت | 4 | جولائی |
| ☆ | کیا چندہ جات براہ راست مرکز میں ارسال کئے جاسکتے ہیں؟ | 20 | اپریل |
| ☆ | آپ کی روٹین کی مصروفیات کیا ہیں؟ کیا رمضان میں بھی سیر کرتے ہیں؟ | 19 | جولائی |

## دعوت الی اللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | رب ادخلنی مدخل صدق کی دعا دعوت الی اللہ کے لئے کیوں ضروری ہے؟ | 8 | فروری |
| ☆ | ہم انٹرنیٹ پر دعوت الی اللہ کیسے کرسکتے ہیں؟ | 20 | دسمبر |
| ☆ | ایک مسلم حکومت میں رہنے والے غیر مسلموں کو کس حد تک آزادی ہوتی ہے؟ | 20 | دسمبر |

## جنت ۔ قیامت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | کیا جنتی خدا کا دیدار کرسکیں گے؟ | 30 | جولائی |
| ☆ | جنت کے باغات اور پھلوں سے کیا مراد ہے؟ | 20 | اپریل |
| ☆ | جو مر چکے ہیں کیا وہ ہمیں دیکھ سکتے ہیں؟ | 8 | فروری |
| ☆ | ماں کے پیٹ میں فوت ہونے والے بچوں کی روح کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟ | 10 | جون |
| ☆ | قیامت کے بارے میں وضاحت فرمائیں۔ | 5 | اکتوبر |
| ☆ | کیا قیامت والے دن والدین کے ساتھ سعادت مند بچے کو بھی اٹھایا جائے گا؟ | 30 | جولائی |

## وضوء ۔ نماز

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | ایک بلڈنگ میں دو امام نمازیں پڑھا سکتے ہیں؟ | 8 | فروری |
| ☆ | نماز کے دوران یہ خیال آجائے کہ لوگ نمازی کہیں گے کیا اس شخص کو نماز پڑھنی چاہئے؟ | 20 | اپریل |
| ☆ | کام کے دوران نماز پڑھنا صحیح ہے یا غلط؟ | 20 | اپریل |
| ☆ | جن ملکوں میں 24 گھنٹوں کے دن اور راتیں ہیں وہاں نماز کیسے ہوتی ہے۔ | 10 | جون |
| ☆ | پانچ نمازیں الگ پڑھنا بہتر ہے یا اکٹھی؟ | 10 | جون |
| ☆ | کیا نماز عشاء کے بعد وتر پڑھ کر نوافل پڑھے جاسکتے ہیں؟ | 20 | اپریل |
| ☆ | کیا بچوں میں سے کوئی نماز کی امامت کرواسکتا ہے؟ | 9 | جولائی |
| ☆ | نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا کس حد تک جائز ہے؟ | 30 | جولائی |
| ☆ | ارکان دین کی کیا ضرورت ہے صرف نیک کام ہی کافی ہیں؟ | 24 | اکتوبر |
| ☆ | بیماری کی وجہ سے بار بار وضو ٹوٹنے کا مسئلہ | 10 | جون |

## رمضان ۔ روزہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | کس کس بیماری میں روزہ نہیں رکھنا چاہئے؟ | 9 | جولائی |
| ☆ | شوال کے چھ روزے رکھنا کیوں ضروری ہے؟ | 30 | جولائی |
| ☆ | کیا جو روزہ نہیں رکھتے وہ تراویح نہیں پڑھ سکتے؟ | 18 | اکتوبر |
| ☆ | سفر میں روزہ رکھنے سے متعلق کیا حکم ہے؟ | 20 | اپریل |
| ☆ | لیلۃ القدر رمضان کے علاوہ بھی مل سکتی ہے؟ | 10 | جون |

## دعا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | کیڑے مکوڑوں سے نجات اور خوف دور کرنے کی کوئی دعا ہے؟ | 8 | فروری |
| ☆ | کیا دعا سے تکلیفیں اور بیماریاں دور ہو جاتی ہیں؟ | 13 | ستمبر |

## صدقہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | خیرات اور صدقہ میں کیا فرق ہے؟ | 20 | اپریل |
| ☆ | مہنگی خوراک اور صدقہ میں سے کس چیز کو ترجیح دینی چاہئے؟ | 10 | جون |

## والدین، وراثت، متبنّٰی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | کیا والدین اپنی اولاد کی زندگی میں مداخلت کا حق رکھتے ہیں؟ | 5 | اکتوبر |
| ☆ | بات بات پر والدین کے جھڑکنے پر راہنمائی۔ | 19 | جولائی |
| ☆ | دین میں بیٹا بنا لینے کا طریق اور اس کے حقوق کی تعیین۔ | 20 | دسمبر |
| ☆ | پوتے کی میراث | 20 | دسمبر |
| ☆ | قانون وراثت | 20 | دسمبر |

## شہریت، ممالک، جغرافیہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | دوسرے ملک کی شہریت لینے اور اپنے ملک کی ختم کرنا درست ہے؟ | 4 | جولائی |
| ☆ | چند سال پہلے Seababy پکڑی گئی تھی۔ کیا اٹلانٹک کا کوئی گمشدہ شہر بھی تھا؟ | 4 | دسمبر |
| ☆ | افریقہ میں اکثر قحط کیوں آتا ہے؟ | 30 | جولائی |

## عورت، پردہ، شادی وغیرہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | کیا عورت کو تفسیر قرآن کی اجازت ہے۔ | 10 | جون |
| ☆ | قرآن کریم میں نافرمانی کرنے والی عورتوں کو مارنے کا حکم کیوں ہے؟ | 30 | جولائی |
| ☆ | ناپاک عورتیں بیت الذکر میں جا سکتی ہیں؟ | 5 | اکتوبر |
| ☆ | عورت کا اپنے کزن، خاوند کے بھائیوں وغیرہ سے ہاتھ ملا کر سلام کرنا۔ | 5 | اکتوبر |
| ☆ | قرآن کریم میں بیویوں کے ساتھ داہنے ہاتھ کے مالک ہونے کا الگ تذکرہ کیوں ہے۔ | 4 | دسمبر |
| ☆ | ایم ٹی اے کے پروگرام میں پردہ کے معیار کے بارے میں کیا نصیحت ہے؟ | 4 | جولائی |
| ☆ | حضرت مصلح موعودؓ کی ازواج مصروف رہنے کیلئے کیا کام کرتی تھیں۔ | 8 | فروری |
| ☆ | عورتوں کے بال سیٹ کرنے کے متعلق دین کیا کہتا ہے؟ | 9 | جولائی |
| ☆ | کیا لڑکیاں سائیکل چلا سکتی ہیں؟ | 4 | دسمبر |
| ☆ | کیا لڑکے دوسری لڑکیوں کے ساتھ سوئمنگ کر سکتے ہیں؟ | 4 | دسمبر |
| ☆ | شادی کے موقع پر کھانا دینے کا سلسلہ۔ | 19 | جولائی |
| ☆ | حق مہر عورت کو کیوں دیا جاتا ہے؟ | 8 | فروری |
| ☆ | انگلینڈ یا جرمنی جیسے ممالک میں حق مہر کی کیا اہمیت ہے؟ | 8 | فروری |
| ☆ | کیا دین میں چار بیویوں کے علاوہ لونڈی رکھنی جائز ہے؟ | 24 | اکتوبر |
| ☆ | کیا دوسری بیوی پہلی بیوی سے ناانصافی فطرت کے خلاف نہیں؟ | 24 | اکتوبر |

## شیطان

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | شیطان ناری صفت ہے روز محشر اس کو آگ میں ڈالنا سزا ہوگی؟ | 20 | دسمبر |
| ☆ | شیطان اور ابلیس میں کیا فرق ہے؟ | 10 | جون |

## فرعون

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | فرعون کی لاش پر کریکس آ رہے ہیں۔ لیکن قرآن میں حفاظت کا وعدہ ہے؟ | 30 | جولائی |
| ☆ | کیا وجہ ہے کہ فرعون کو عبرت کا نشان بنایا گیا؟ | 30 | جولائی |

## دم، جادو، تعویذ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | دم کی برکت اور اس کا نظام کیا ہے؟ | 8 | فروری |
| ☆ | جادو تصور ہے یا حقیقت؟ | 8 | فروری |
| ☆ | تعویذ گنڈے کروانے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اچھی بات ہے یا بری؟ | 4 | دسمبر |
| ☆ | پامسٹری میں بعض سائنٹیفک طریقوں سے حالات معلوم کئے جا سکتے ہیں؟ | 5 | اکتوبر |
| ☆ | کیا پتھر بھی انسان پر اثر انداز ہوتے ہیں؟ | 13 | دسمبر |

## بدرسوم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | کیا بچے کی خوشی اور محبت بڑھانے کے لئے سالگرہ منانا جائز ہے۔ | 5 | اکتوبر |
| ☆ | ہمسایوں کی طرف سے ختم یا قل کی کھانے کی چیزیں قبول کر کے کھا لینا جائز ہے؟ | 4 | دسمبر |

## چند مسائل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | مرد کو ریشم اور سونا کیوں منع ہے۔ | 8 | فروری |
| ☆ | دائیں ہاتھ سے کھانے کا حکم ہے چھری کانٹے سے کھاتے وقت بھی اس کا خیال ضروری ہے؟ | 10 | جون |
| ☆ | کسی کی امانت ضرورت کے وقت استعمال کی جا سکتی ہے؟ | 4 | دسمبر |
| ☆ | بنکوں میں سیونگ پر سود لینا جائز ہے؟ | 20 | اپریل |
| ☆ | دین میں سگریٹ پینے سے کیوں منع نہیں کیا گیا؟ | 8 | فروری |

## متفرق سوالات

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | کیا لڑکے دوسرے لڑکوں کے ساتھ سوئمنگ کر سکتے ہیں؟ | 4 | دسمبر |
| ☆ | گاندھی کے Man of the Century منتخب ہونے کے بارے میں کیا خیال ہے؟ | 8 | فروری |

## حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی مجالس عرفان

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ | قرآن کریم کی اس آیت کا کیا مطلب ہے کہ ہر جاندار کا رزق اللہ کے ذمہ ہے؟ | 16 | اکتوبر |
| ☆ | حصول رزق سے متعلق مومن دعا سے اور دیگر تدبیر سے کام لیتے ہیں لیکن تدبیر سے کام لینے والے زیادہ کامیاب رہتے ہیں؟ | 23 | ستمبر |
| ☆ | کیا اس طرح کا درود پڑھنے میں کوئی حرج تو نہیں کہ رسول اللہؐ پر ہزاروں ہزار درود بھیج؟ | 23 | ستمبر |
| ☆ | روزانہ 12 مرتبہ تسبیحات اور درود پڑھنے میں کیا حکمت ہے؟ | 23 | ستمبر |
| ☆ | کیا حضرت موسیٰؑ نے بارہ چشموں کا پتہ آرٹ آف ڈوسنگ سے لگایا تھا؟ | 30 | ستمبر |
| ☆ | اس کی کیا وجہ ہے کہ انبیاء کی نسبت اولیاء اللہ کی کرامتیں زیادہ مشہور ہیں؟ | 23 | ستمبر |
| ☆ | سورۃ انعام کی آیت 39 کے معنی کہ پرندے بھی تمہاری طرح کی امتیں ہیں؟ | 16 | اکتوبر |
| ☆ | 'کلمہ حکمت' کے متعلق تفصیلات۔ | 23 | نومبر |
| ☆ | 'روح کی حقیقت' کے متعلق تفصیلات | 30 | ستمبر |
| ☆ | لائبریری کی اہمیت اور طریقہ کار | 13 | دسمبر |
| ☆ | ہزاروں سال کی جدوجہد کے باوجود مذہب لوگوں کو مذہبی احکام پر پوری طرح عمل کرنے والا نہیں بنا سکا؟ | 16 | اکتوبر |
| ☆ | بالشوازم اور مساوات | 16 | اکتوبر |
| ☆ | جہیز کا مطالبہ | 30 | اکتوبر |
| ☆ | بارات کے ساتھ باجہ وغیرہ کا فتویٰ۔ | 30 | اکتوبر |

